قدر کریں گے اور اس کی اشاعت میں حصہ لے کر مصنف اور پبلشر کے خلوص کی داد دیں گے۔

ضرورتِ حدیث از مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی تقطیع خورد ضخامت ۴۴ صفحات، کتابت و طباعت معمولی قیمت عام، پتہ :- دارالاشاعت والتبلیغ شمس آباد ضلع اٹک پاکستان

پاکستان میں آج کل فتنۂ انکارِ حدیث کا بہت زور شور ہے حدیث کی تشریعی حیثیت پر گفتگو کو اگر صرف ایک علمی اور فنی بحث تک محدود رکھا جاتا تو شاید علمی اعتبار سے یہ بحث ایک فتنہ نہ بنتی لیکن جو لوگ اس فتنہ کی پشت پناہی کر رہے ہیں ان کا مقصد تو یہ ہے کہ سرے سے دین کو ہی مسخ کر دیا جائے اور اسلام کو کانٹ چھانٹ کر کے ایک ایسا جامہ بنا دیا جائے جو ہر ایک قد و قامت پر موزوں ہو جائے، خوشی کی بات ہے کہ پاکستان کے صحیح الخیال ارباب قلم علما نے اس فتنہ کی ہلاکت انگیزیوں کا احساس کر لیا ہے اور اب ادھر سے بھی حدیث کی ضرورت و اہمیت اور اس سے متعلقہ مباحث پر کتابوں، رسالوں اور مضامین و مقالات کا سلسلہ برابر جاری ہے۔ چنانچہ یہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے اس میں فاضل مصنف نے قرآن مجید کی آیات سے حدیث کی حجیت پر استدلال کرنے کے بعد تاریخی طور پر یہ ثابت کیا ہے کہ احادیث کی کتابت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے آپ کے زمانہ میں ہی شروع ہو گئی تھی پھر بتایا ہے کہ ان احادیث کی حفاظت کس طرح کی گئی اُن کا صحت و سُقم معلوم کرنے کے لئے کیا کچھ کیا گیا اور یہ کوششیں کس طرح کامیاب ہوئیں، چنانچہ اُن اصولِ روایت و درایت کی روشنی میں بلاخوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ کون سی روایت صحیح ہے اور اس بنا پر اس پر عمل واجب ہے اور کون سی روایت صحیح نہیں ہے۔ اس کے بعد منکرین حدیث کی طرف سے محدثین پر اور بعض احادیث پر جو اعتراضات کئے جاتے ہیں ان کے مدلل جواب دیئے ہیں۔ اس طرح یہ کتاب معلومات افزا بھی ہے اور سبق آموز بھی!

تمرین الصرف از جناب مولوی محمد معین اللہ صاحب ندوی تقطیع خورد ضخامت ۱۱۹ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت عہ، پتہ :- دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔

دارالعلوم ندوۃ العلماء کی طرف سے عربی زبان کی تعلیم و تحصیل کو سہل بنانے کی غرض سے